| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری چونتسواں | موضوع: | مصوتہ ' ی ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ مصوتے/ مصمتے پہچان سکیں۔<br>' ی ' بطور مصوتہ پہچان سکیں۔<br>' ی ' بطور آخری آواز دوسرے حروف سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>مصوتہ ' ا ' کوحروف کے ساتھ ملا کر دوحرفی الفاظ پڑھائے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا 'ی' بطور مصوتہ پہچان آخری آواز اور حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ی' کو بطور مصوتہ دوسرے حروف کے ساتھ ملا کر دوحرفی الفاظ بنانا سیکھیں گے۔'ی' کی آواز (e) کی ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ لفظ کے شروع میں 'ی' کی آواز مختلف ہے جیسے یکہ مگر لفظ کے آخر میں اس کی آواز (e) کی ہے۔ جیسا کہ روٹی، بوٹی تختہ سیاہ/سفید پر حروف کو 'ی' سے ملا کر لکھیے۔<br>ای بی پی تی ثی<br>جی چی حی خی<br>دی ڈی ذی ری ڑی زی ژی<br>سی شی صی ضی طی ظی<br>عی غی فی قی کی گی<br>لی می نی وی ہی یی<br>دوحرفی الفاظ کی پڑھائی کروائیے اور بتائیے کہ 'ی' جب کسی حرف سے ملتی ہے تو تھوڑی سی لمبی آواز دیتی ہے۔ جیسے کہ ای ی ی ی | 10 منٹ | فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حروف کی چھوٹی اشکال اور 'ی' کا spin wheel دیا جائے گا۔ بچوں کو حروف کی آدھی اشکال کو چھوٹی اشکال سے ملا کر پڑھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری چونتیسواں | موضوع: | مصوتہ 'ی' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| | **نوٹ:**<br>Spin wheel طلباء خود تیار کر سکتے ہیں۔<br>ب+ی= بی س+ی= سی<br>نوٹ<br>جب ہم حروف کو 'ی' سے ملاتے ہیں تو حروف لائن سے تھوڑا اوپر لکھے جاتے ہیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>حروف کو 'ی' سے جوڑ کر پڑھنے کی مشق کروائیے۔ | 20 منٹ<br><br><br><br><br><br>5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری چونتسواں | موضوع: | مصوتہ 'ی' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'ی' کو بطور مصوتہ پہچان سکیں۔ 'ی' کو بطور آخری آواز دوسرے حروف سے ملا کر پڑھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>تختہ سیاہ/سفید پر حروف کی آدھی اشکال کا اعادہ کروایا جائے گا۔ | 5 منٹ | پلے ڈو | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا 'ی' کو بطور مصوتہ پہچاننے، 'ی' کو بطور مصوتہ آخری آواز دوسرے حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنا اور لکھنا۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں سے شرارتی نو کی دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو یاد دہانی کروائی جائے گی کہ شرارتی نو اپنے سے بعد میں آنے والے حروف سے نہیں ملتے۔ ای، دی، ڈی، ذی، ری، ڑی، زی، ژی تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | کتاب صفحہ 110 | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>پلے ڈو دے کر 'ی' بنوائی جائے گی۔ 'ی' بطور مصوتہ آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو چار چار کے گروپس میں تقسیم کیا جائے گا۔ ہر گروپ کو کچھ حروف کی آدھی شکل بنا کر انہیں چھوٹی (ی) سے ملانے کو کہا جائے گا۔ پھر گروپ کا ہر بچہ باری باری دو حرفی الفاظ کی پڑھائی کرے گا۔ کتاب صفحہ 110 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ی' کو دیے گئے حروف سے ملا کر لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 25 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں 'ب کے خاندان' کو ی سے ملانے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 111 کیجیے۔ | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری چونتسواں | موضوع: | مصوتہ 'ی' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'ی' کو بطور مصوتہ پہچان سکیں۔ 'ی' کو بطور آخری آواز دوسرے حروف سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>'ی' کی بطور مصوتہ آواز پوچھی جائے گی۔تختہ سیاہ/سفید پر لکھ کر مختلف دوحرفی الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم دوحرفی الفاظ کے توڑ کرنا سیکھیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ جب ہم حروف کو الگ کرتے ہیں تو ان کی پوری شکل لکھتے ہیں۔مختلف حروف تختہ سفید/ سیاہ پر لکھیں (سی، جی،ضی،طی،نی،ہی) ان کے توڑ کرنا سکھاتے جائیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>رنگین کاغذ پر مختلف دوحرفی لفظ لکھ کر بچوں میں تقسیم کیے جائیں گے۔معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر توڑ لکھے گا اور بچوں سے پوچھے گی کس کے پاس اس کا توڑ ہے؟ ہاتھ کھڑا کر کے اپنا کاغذ دکھائیں۔کتاب صفحہ 109 کھولنے کو کہا جائے گا۔دوحرفی الفاظ کے پڑھائی کروائی جائے گی۔حروف کو الگ الگ لکھنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>'ی' کی بطور آخری آواز حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ<br><br>5 منٹ<br><br>25 منٹ<br><br>5 منٹ | رنگین کاغذ<br><br>کتاب صفحہ 109 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا مصوتہ 'ی' کو بطور مصوتہ پہچاننے اور بطور آخری آواز حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنا اور لکھنا۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری چونتسواں | موضوع: | مصوتہ 'ی' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'ی' کو بطور مصوتہ پہچان سکیں۔ 'ی' کو بطور آخری آواز دوسرے حروف سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>'ی' بطور مصوتہ دوحرفی الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے مصوتوں اور مصمتوں کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ 'ی' کی آواز دہرائی جائے گی۔ بچوں کو یاد کروایا جائے گا۔ 'ی' بطور آخری آواز لمبی ہوتی ہے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>چھوٹے سفید بورڈ دے کر بچوں کو مصوتے لکھنے کو کہا جائے گا۔ کتاب صفحہ 113 کھولنے کو کہا جائے گا 'س تا غ' دوحرفی الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>ہوا میں 'س تا غ' کو 'ی' سے ملا کر لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 112 کیجیے۔ | 5 منٹ<br><br>5 منٹ<br><br>25 منٹ<br><br>5 منٹ | چھوٹے سفید بورڈ<br>مارکر<br><br>کتاب صفحہ 113 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا مصوتہ 'ی' کو بطور مصوتہ پہچاننے اور بطور آخری آواز حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنا اور لکھنا۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری چونتسواں | موضوع: | مصوتہ 'ی' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'ی' کو بطور مصوتہ پہچان سکیں۔ 'ی' کو بطور آخری آواز دوسرے حروف سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>'ا ت ا ی' مختلف دوحرفی الفاظ لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے 'ا ت ا ے' مصوتوں کی آواز پوچھی جائے گی۔ 'ی' کا فلیش کارڈ دکھا کر بچوں سے باری باری کوئی دوحرفی لفظ بنانے کو کہا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>ایک ٹوکری میں 'و اور ی' بطور مصوتہ دوحرفی الفاظ رنگین کاغذ پر لکھ کر رکھے جائیں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم کونسا مصوتہ کر رہے ہیں۔ بچوں سے 'ی' کے الفاظ الگ کرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ کتاب صفحہ 114 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ف ت ا ی' کو 'ی' سے ملا کر پڑھنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>'ی' تمام دوحرفی الفاظ دہرائے جائیں گے۔<br>گھر کا کام:<br>کاپی پر حروف کو 'ی' سے ملایے۔ | 5 منٹ<br>5 منٹ<br>25 منٹ<br>5 منٹ | ٹوکری<br>رنگین کاغذ<br>کتاب صفحہ<br>114 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا مصوتہ 'ی' کو بطور مصوتہ پہچاننے اور بطور آخری آواز حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنا اور لکھنا۔ |